# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## ORDERS OF THE DAY

for the meeting of the National Assembly to be held on Monday, the 17th March, 2025 at 2.00 p.m.

**1.** *Tilawat, Hadith, Naat* and national anthem.

**QUESTIONS**

**2.** Questions entered in a separate list to be asked and answers given.

**CALLING ATTENTION NOTICE**

**3. SYED HAFEEZUDDIN** to invite attention of the Minister for Finance and Revenue to a matter of urgent public importance regarding hiring of firm named “McKinsey” for tax digitalization, causing grave concern amongst the public.

**INTRODUCTION OF BILLS**

**4. JAM KAMAL KHAN,** Minister for Commerce, to introduce a Bill further to amend the Anti-Dumping Duties Act, 2015 [The Anti-Dumping Duties (Amendment) Bill, 2025].

**5. SYED MOHSIN RAZA NAQVI,** Minister for Interior and Narcotics Control to introduce a Bill further to amend the Extradition Act, 1972 [The Extradition (Amendment) Bill, 2025].

**ORDINANCE TO BE LAID BEFORE THE NATIONAL ASSEMBLY**

**6. SYED MOHSIN RAZA NAQVI,** Minister for Interior and Narcotics Control to lay before the National Assembly the Societies Registration (Amendment) Ordinance, 2024 (No. XI of 2024), as required by clause (2) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

**RESOLUTIONS**

**7. MR. KHALID MAQBOOL SIDDIQUI,** Minister for Federal Education and Professional Training to move the following Resolution:-

“That the National Assembly resolves to extend the Federal Board of Intermediate and Secondary Education (Amendment) Ordinance, 2024 (IX of 2024) for a further period of one hundred and twenty days w.e.f. 2nd April, 2025 under proviso to sub-paragraph (ii) of paragraph (a) of clause (2) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan”.

**8. MR. MUHAMMAD AURANGZEB,** Minister for Finance and Revenue to move the following Resolution:-

“That the National Assembly resolves to extend the Income Tax (Amendment) Ordinance, 2024 (X of 2024) for a further period of one hundred and twenty days w.e.f. 27th April, 2025 under proviso to sub-paragraph (i) of paragraph (a) of clause (2) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan”.

**PRESENTATION OF PERIODICAL REPORT OF THE STANDING COMMITTEE**

**9. MR. MALIK SHAH,** Chairman Standing Committee on Narcotics Control, to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st July, 2024 to 31st December, 2024, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

**10.** **RANA IRADAT SHARIF KHAN,** Chairman Standing Committee on Parliamentary Affairs, to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st July, 2024 to 31st December, 2024, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

**11.** **MR. AIJAZ HUSSAIN JAKHRANI,** Chairman Standing Committee on Communications, to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st July, 2024 to 31st December, 2024, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

**12.** **MS. HINA RABBANI KHAR,** Chairperson Standing Committee on Foreign Affairs, to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st July, 2024 to 31st December, 2024, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

**13.** **SYED AMIN-UL-HAQ,** Chairman Standing Committee on Information Technology and Telecommunication, to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st July, 2024 to 31st December, 2024, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

**14.** **SYED MUSTAFA MEHMOOD,** Chairman Standing Committee on Energy (Petroleum Division), to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st July, 2024 to 31st December, 2024, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

## PAPERS TO BE LAID BEFORE THE NATIONAL ASSEMBLY:

**15.** **MR. MUHAMMAD AURANGZEB**, Minister for Finance and Revenue to lay before the National Assembly the Fiscal Policy Statement January, 2025, the Debt Policy Statement January, 2025 and the Performance Monitoring Report for the Financial Year 2023-24, as required by sections 6 and 7 of the Fiscal Responsibility and Debt Limitation Act, 2005 and section 35 of the Public Finance Management Act, 2019.

## MOTION OF THANKS

**16.** **Further discussion** on the following motion moved by **MR. TARIQ FAZAL CHAUDHARY,** Minister for Parliamentary Affairs on 12th March, 2025:-

> "This House expresses its deep gratitude to the President of the Islamic Republic of Pakistan for his address to both Houses assembled together on 10th March, 2025."

## MATTERS OTHER THAN POINTS OF ORDER

**17.** Raising matters under Rule 18 which are not Points of Order.

## CALLING ATTENTION NOTICE

**18.** **MR. MUHAMMAD MIQDAD ALI KHAN** to invite attention of the Minister for Petroleum to a matter of urgent public importance regarding non-provision of new gas connection in NA-86, Sahiwal-cum-Shahpur, District Sargodha, causing grave concern amongst the public.

**Islamabad, the**
**16th March, 2025**

**TAHIR HUSSAIN**
**Secretary General**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## نظام کار

## برائے اجلاس قومی اسمبلی جو پیر، ۱۷ مارچ، ۲۰۲۵ء دوپہر دو بجے منعقد ہوگا۔

۱۔ تلاوت، حدیث، نعت اور قومی ترانہ۔

### سوالات

۲۔ علیحدہ فہرست میں درج سوالات دریافت کیے جائیں گے اور ان کے جوابات دیئے جائیں گے۔

### توجہ دلاؤ نوٹس

۳۔ **سید حفیظ الدین** وزیر برائے خزانہ و محاصل کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو ٹیکس ڈیجیٹلائزیشن کے لئے "میک کینسی (McKinsey)" نامی فرم کی خدمات حاصل کرنے سے متعلق ہے۔

### بلوں کا پیش کرنا

۴۔ **جام کمال خان**، وزیر برائے تجارت مانع اغراق محصولات ایکٹ، ۲۰۱۵ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [مانع اغراق محصولات (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پیش کریں گے۔

۵۔ **سید محسن رضا نقوی**، وزیر برائے داخلہ وانسداد منشیات تحویل ملزمان ایکٹ، ۱۹۷۲ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [تحویل ملزمان (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پیش کریں گے۔

### قومی اسمبلی کے سامنے رکھا جانے والا آرڈیننس

۶۔ **سید محسن رضا نقوی**، وزیر برائے داخلہ وانسداد منشیات اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۸۹ کی شق (۲) کی مقتضیات کے مطابق سوسائٹیز رجسٹریشن (ترمیمی) آرڈیننس، ۲۰۲۴ء (نمبر ۱۱ بابت ۲۰۲۴ء) قومی اسمبلی کے سامنے رکھیں گے۔

### قراردادیں

۷۔ **جناب خالد مقبول صدیقی**، وزیر برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت حسب ذیل قرارداد پیش کریں گے:۔

"کہ قومی اسمبلی فیڈرل بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن (ترمیمی) آرڈیننس، ۲۰۲۴ء (نمبر ۹ بابت ۲۰۲۴ء) میں اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۸۹ کی شق (۲) کے پیرا (الف) کے ذیلی پیرا (دوم) کے جملہ شرطیہ کے تحت ۲/اپریل، ۲۰۲۵ء سے مزید ایک سو بیس دن کی توسیع کا فیصلہ کرتی ہے"۔

۸۔ **جناب محمد اورنگزیب**، وزیر برائے خزانہ و محاصل حسب ذیل قرارداد پیش کریں گے:۔

"کہ قومی اسمبلی انکم ٹیکس (ترمیمی) آرڈیننس، ۲۰۲۴ء (نمبر ۱۰ بابت ۲۰۲۴ء) میں اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۸۹ کی شق (۲) کے پیرا (الف) کے ذیلی پیرا (اول) کے جملہ شرطیہ کے تحت ۲۷/اپریل، ۲۰۲۵ء سے مزید ایک سو بیس دن کی توسیع کا فیصلہ کرتی ہے"۔

### قائمہ کمیٹی کی میعادی رپورٹوں کا پیش کرنا

۹۔ **جناب ملک شاہ**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے انسداد منشیات قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴-الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جولائی، ۲۰۲۴ء تا ۳۱ دسمبر، ۲۰۲۴ء کی مدت کے لئے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گے۔

۱۰۔ **رانا ارادت شریف خان**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے پارلیمانی امور قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴-الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جولائی، ۲۰۲۴ء تا ۳۱ دسمبر، ۲۰۲۴ء کی مدت کے لئے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گے۔

۱۱۔ **جناب اعجاز حسین جکھرانی،** چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے مواصلات قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴۔الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جولائی، ۲۰۲۴ء تا ۳۱ دسمبر، ۲۰۲۴ء کی مدت کے لئے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گے۔

۱۲۔ **محترمہ حنا ربانی کھر،** چیئرپرسن قائمہ کمیٹی برائے خارجہ امور قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴۔الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جولائی، ۲۰۲۴ء تا ۳۱ دسمبر، ۲۰۲۴ء کی مدت کے لئے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گی۔

۱۳۔ **سید امین الحق،** چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی مواصلات قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴۔الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جولائی، ۲۰۲۴ء تا ۳۱ دسمبر، ۲۰۲۴ء کی مدت کے لئے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گے۔

۱۴۔ **سید مصطفیٰ محمود،** چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے توانائی (پیٹرولیم ڈویژن) قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴۔الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جولائی، ۲۰۲۴ء تا ۳۱ دسمبر، ۲۰۲۴ء کی مدت کے لئے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گے۔

## قومی اسمبلی کے سامنے رکھے جانے والے کاغذات

۱۵۔ **جناب محمد اورنگزیب،** وزیر برائے خزانہ و محاصل مالیاتی ذمہ داری و تحدید قرضہ ایکٹ، ۲۰۰۵ء کی دفعات ۶/اور ۷ اور پبلک فنانس مینجمنٹ ایکٹ، ۲۰۱۹ء کی دفعہ ۳۵ کی مقتضیات کے مطابق مالیاتی پالیسی گوشوارہ برائے جنوری، ۲۰۲۵ء، قرضہ جات پالیسی گوشوارہ برائے جنوری، ۲۰۲۵ء اور نگرانی کارکردگی رپورٹ برائے مالی سال ۲۴۔۲۰۲۳ء قومی اسمبلی کے سامنے رکھیں گے۔

## تحریک تشکر

۱۶۔ **جناب طارق فضل چوہدری،** وزیر برائے پارلیمانی امور کی جانب سے ۱۲ مارچ، ۲۰۲۵ء کو پیش کردہ حسب ذیل تحریک پر مزید بحث:۔

"یہ ایوان ۱۰ مارچ، ۲۰۲۵ء کو یکجا دونوں ایوانوں کے اجلاس سے صدر پاکستان کے خطاب پر ان سے اپنے گہرے تشکر کا اظہار کرتا ہے۔"

## نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات

۱۷۔ قاعدہ ۱۸ کے تحت نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات کا اٹھانا۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

۱۸۔ **جناب محمد مقداد علی خان** وزیر برائے پیٹرولیم کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو این اے۔۸۶، ساہیوال۔ و۔ شاہ پور، ضلع سرگودھا میں نئے گیس کنکشن فراہم نہ کرنے سے متعلق ہے۔

**اسلام آباد،**
**۱۶ مارچ، ۲۰۲۵ء**

**طاہر حسین**
**سیکرٹری جنرل**